لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ رجب المرجب سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۱ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت منشی عبادالصمد خانصاحب -	۱ و ۲
۲	توسیع ملازمت سب انسپکٹران پولیس -	۲
۳	ترقی سب انسپکٹر پولیس -	"
۴	رخصت اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم -	"
۵	رخصت نقلنویس نظیف	"
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

با نتظام مندرجہ عرضداشت رخصت ایک ماہ منظور ہے - احکام مفصل حسب ضابطہ جاری ہون -

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض جناب عالی میر سامان

منشی عبادالصمد خانصاحب جو فی الحال شرکت سشن جج کا کام کر رہے ہیں

بوجہ تبدیلی آب وہوا رخصت ایک ماہ کے مستدعی ہین۔ ترقی خواہ کے نزدیک رخصت انکی قابل منظوری ہے۔ اور ایام رخصت صاحب موصوف مین یہ انتظام مناسب ہے کہ چونکہ بالفعل اجلاس ہذا مین منشی شیر زمان خان صاحب جج کو کام کم ہے۔ اسلئے صاحب موصوف علاوہ کار متعلقہ کے ڈسٹرکٹ و سشن ججی کا ضروری کام بھی ایام رخصت منشی عباد اللہ خانصاحب مین انجام دین اور جو کارروائی مقدمات ابتدا سے دیوانی و سشن ججی مین جس نوبت تک ہو چکی ہو اُس سے آیندہ کارروائی جاری رکھین تاکہ اہل معاملہ و گواہان کو دوبارہ تکلیف درکشی نہو۔ اور اگر شہادت قلمبند کردہ منشی شیر زمان خان صاحب مقدمہ مکمل ہو تو بعد واپسی منشی عباد اللہ خانصاحب فیصلہ صادر کر سکین ورنہ جو کسی مقدمہ مین شہادت وغیرہ باقی رہجائیگی تو بقیہ شہادت قلمبند کرکے منشی عباد اللہ خانصاحب فیصلہ صادر کرینگے۔ منشی عباد اللہ خانصاحب کی رخصت روز روانگی سے شمار کیجائیگی۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری پیشگاہ عالی مین ابلاغ ہے۔ زیادہ حد ادب۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

توسیع

۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس نسبت مستقلی آسامی راحت حسین خان اسسٹنٹ انسپکٹران جنکی میعاد امتحانی ملازمت ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء کو ختم ہو جائیگی تین تین ماہ کی توسیع اور منظور کی گئی۔

ترقی

۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب ملاحظہ تحریر صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس ختم میعاد تنزلی موضع بالا

سب انسپکٹر پولیس کی پوری تنخواہ تیس روپیہ ماہوار بوجہ حسن خدمات مقرر ہوئی اور عارضی انتظام جو بسلسلہ تنزل سب انسپکٹر مذکور ہوا تھا منسوخ ہو کر تعیناتی تھانہ ٹہوالی مین انچارجی بحال کی گئی۔ عطاء الحق سب انسپکٹر انچارج ٹہوالی سے بوجہ زیادتی شکایات علیحدہ ہو کر کوتوالی مین افسر ڈیوٹی پر تعینات ہوئے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم۔ رخصت یکماہ سید اعجاز علی صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی منظور ہوئی۔ کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کرینگے۔

رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر۔ رخصت پندرہ یوم عظمت علیخان نقلنویس خفیفہ کی بوجہ شادی مومی الیہ منظور کی گئی۔ کام کا انتظام صاحب جج بہادر کرینگے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۴ر لغایت ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۵ ۰ ا ر	[illegible] ۰ ا ر			
نخود خالص			۵ ۰ ا ر	۵ ا ر			
نخود کسہ آمیز			۶ ا ر	۶ ۰ ر			
کسنہ			۶ ۰ ا ر	۶ ۰ ا ر			
ماش			۵ ۲ ا ر	۴ ۰ ا ر			
مونگ			۴ ۰ ا ر	۴ ا ر			
مکا			۶ ا ر	۷ ا ر			
جئی			۰	۸ ۰ ا ر			
گوجئی			۰	۰			
عدس	۰		۰	۰			
ارہر			۰	۰			
برنج			۴ ا ر	۴ ۰ ا ر			
روغن زرد			۰ ۰ ا ر [illegible]	۰ ۰ ا ر			
روغن سیاہ			۱ ۰ ا ر	ا ۰ ا ر			
روغن کنجد			ا ا ر	۲ ا ر			
نمک سانبھر			۱۰ ا ر	۸ ۰ ا ر			
نمک لاہوری			۶ ا ر	۵ ۰ ا ر			
قند سیاہ			۲ ۰ ا ر	۴۲ ۰ ا ر	۰		
باجرہ			۰	۰	۰		

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور